# دیوبند: گرمی سے لوگ بے حال، بجلی سپلائی متاثر

## پاور کارپوریشن کی عوام سے بجلی کا استعمال احتیاط اور حسب ضرورت کرنے کی اپیل

**اشرف عثمانی**

**دیوبند (ایس این بی)**

گزشتہ دنوں سے شدت کی گرمی کے باعث شہر کے تمام ٹرانسفارمرز بار بار اوور لوڈ ہوکر کام کرنا اور بجلی سپلائی کرنا بند کررہے ہیں۔ جس کی وجہ سے عوام پریشان اور بے حال ہیں۔ ٹرانسفارمر کو بچانے کیلئے جب بند کیا جاتا ہے تو بجلی سپلائی بند ہوجانے کی وجہ سے بچے بوڑھے خاص طور پر کمزور اور بیمار لوگوں کے ساتھ عام آدمی پریشان ہواٹھتا ہے اور گرمی کی شدت کے باعث بلبلانے لگتا ہے، دن بدن درجہ حرارت میں اضافہ ہورہا ہے۔ درجہ حرارت 40 ڈگری سے بڑھ کر 44 ڈگری تک پہنچ چکا ہے جس کی وجہ سے عوام گرمی کی اور زیادہ تپش و شدت محسوس کر رہے ہیں۔ ایسے گرم موسم میں جب ٹرانسفارمر بہت زیادہ گرم ہوجاتے ہیں تو انہیں بچانے اور محفوظ رکھنے کیلئے بجلی محکمہ کے کارکنان ان ٹرانسفارمرز کو ٹھنڈا رکھنے کے لئے کولر اور پنکھے لگا رہے ہیں اور شام کے وقت پانی ڈال کر انہیں محفوظ اور ٹھنڈا رکھنے کیلئے محنت کر رہے ہیں۔ ان سب اقدامات اور حفاظتی بندوبست کے بعد بھی پاور کارپوریشن کو کئی کئی گھنٹوں تک ٹرانسفارمرز کو بند رکھنا پڑ رہا ہے۔ پاور کارپوریشن کے ایس ڈی او انل کمار چورسیا نے بتایا کہ شدید گرمی اور درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ کے سبب ٹرانسفارمرز اوور لوڈ ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے بار بار بجلی سپلائی بند ہوجانے کا مسئلہ پیدا ہورہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی سپلائی کو بہتر بنانے کیلئے کارپوریشن کے کارکنان رات دن نگرانی کررہے ہیں اور کمزور تاروں کو تبدیل کرنے کا کام کررہے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پاور کارپوریشن کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے بجلی کا استعمال بہت احتیاط اور حسب ضرورت کریں تاکہ بجلی سپلائی 24 گھنٹے بحال رہے۔

شدید گرمی اور درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ کے سبب ٹرانسفارمرز اوور لوڈ ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے بار بار بجلی سپلائی بند ہوجانے کا مسئلہ پیدا ہورہا ہے -ایس ڈی او

# چندرشیکھر آزاد پر جان لیوا حملہ میں گواہی کی تاریخ ٹلی

## 7 جون کو ہوگی گواہی، 2 وکلاء کی موت کی وجہ سے وکیلوں نے کام کاج بند رکھا

**شاہد زبیری**

**سہارنپور (ایس این بی)**

بھیم آرمی چیف اور آزاد سماج پارٹی کے بانی قومی صدر چندر شیکھر آزاد پر ہوئے جان لیوا معاملہ میں آج گواہی ہونا تھی لیکن 2 سینئر وکلاء کی موت ہونے کی وجہ سے وکیلوں نے آج کام کاج بند رکھا جس کی وجہ سے گواہی کی تاریخ ٹل گئی ہے۔ اب گواہی کی تاریخ 7 جون مقرر کی گئی ہے۔ چندر شیکھر آزاد پر ہوئے جان لیوا حملہ کی سماعت ایڈیشنل جج ایس سی /ایس ٹی کی عدالت میں زیر سماعت ہے، آج اس معاملہ میں گواہی ہونا تھی۔ پولیس نے اس معاملہ میں 300 پیج کی چارج شیٹ عدالت میں داخل کررکھی ہے۔ چندر شیکھر آزاد پر یہ جان لیوا حملہ دہلی سے واپس ہوتے وقت دیوبند فلائی اوور کے نیچے یونین تراہہ کے پاس ہوا تھا۔ حملہ آوروں نے چندر شیکھر آزاد کی کار پر 4 راؤنڈ فائرنگ کی تھی، ایک گولی ان کے دائیں جانب سے چھوکر گزر گئی تھی۔ اس حملہ میں وہ بال بال بچے تھے اور سیاسی حلقوں میں ہل چل مچ گئی تھی۔ پولیس نے اس معاملہ میں وکاس عرف وکّی ولد پریتم، پرشانت ولد وکرم کمار، لوش ولد وریندر سنگھ ساکن گاؤں رنکھنڈی تھانہ دیوبند اور وکاس عرف وکّی ولد شیو کمار ساکن گوندر تھانہ نا سنگ ضلع کرنال ہریانہ کو گرفتار کیا تھا۔ مبینہ طور پر ملزمان کا تعلق ٹھاکر برادری سے ہے۔ اس معاملہ میں 3 گواہوں کے بیانات ہوچکے ہیں باقی کے ہونا ہے، جواب 7 جون کو ہوں گی۔

پولیس نے اس معاملہ میں 300 پیج کی چارج شیٹ عدالت میں داخل کررکھی ہے

# ووٹوں کی گنتی کے مقام پر تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں‘

**اجمیری وارثی**

**کاس گنج (ایس این بی)**

کاس گنج ضلع میں ووٹوں کی گنتی کے سلسلے میں بدھ کو منعقدہ میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ نے گنتی کے مقام پر تعینات افسران کے انچارج، اسسٹنٹ انچارج افسران اور پولیس سپرنٹنڈنٹ کو انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔ پولیس افسران کو ووٹوں کی گنتی کے دوران محتاط رہنے کو کہا۔ ضلع مجسٹریٹ سدھا ورما نے کہا کہ گنتی کے مقام پر تمام انتظامات مکمل کر لیے جائیں، بھارت سنچار نگم لمیٹڈ کے کنٹرول روم میں تیز رفتار انٹرنیٹ کے انتظامات کیے جائیں اور تینوں کے پنڈال میں بھی۔ بلدیہ کاس گنج کے ایگزیکٹیو افسران ووٹوں کی گنتی کے مقام پر صفائی کے بہتر انتظامات کریں۔ موبائل ٹوائلٹس کا بھی انتظام کیا جائے۔ ضلع مجسٹریٹ نے برقی محکمہ کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ بجلی کا مناسب انتظام کریں اور پینے کے پانی کا بھی انتظام کیا جائے۔ چیف پوسٹ ماسٹر کو 4 جون کی صبح 7:59 بجے سے پہلے ریٹرننگ آفیسر 22-ایٹا پارلیمانی حلقہ کے لیے گنتی کے مقام پر پوسٹل بیلٹ پیپر دستیاب کرانے کے لیے تمام متعلقہ ڈاکخانوں کو مطلع کرنا اور ان کی تعمیل کرنا یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے دیگر افسران کو گنتی کے پنڈال میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے اور گنتی کی ویڈیوگرافی کرنے کی ہدایت دی۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ اپرنا رجت کوشک نے کہا کہ حفاظتی انتظامات سخت ہوں گے۔ پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس راجیش کمار بھارتی اور متعلقہ افسران موجود تھے۔

# خواتین کا ایس ڈی ایم دفتر احاطے میں احتجاجی مظاہرہ

## کُوڑی کے لیے مختص کی گئی زمین کی باؤنڈری وال کا مطالبہ

**دیوبند (ایس این بی)**

دیوبند تحصیل علاقہ کے گاؤں کھیڑا مغل کی خواتین نے ایس ڈی ایم دفتر احاطے میں پہنچ کر احتجاجی مظاہرہ کیا اور کُوڑی کے لیے مختص کی گئی زمین کی باؤنڈری وال کا مطالبہ کرتے ہوئے اس زمین پر ناجائز قبضہ کرنے کی کوشش کرنے والے ملزمان کے خلاف بھی کارروائی کی مانگ کی۔ آج کھیڑا مغل کی باشندہ خواتین بڑی تعداد میں ایس ڈی ایم آفس پہنچیں۔ انہوں نے بتایا کہ دہائیوں پہلے خسرہ نمبر 277 کی زمین پردھان نے کچرا اور کھاد ڈالنے کے لیے الاٹ کی تھی۔ جس پر وہ 40 سال سے وہ کھاد اور کوڑا ڈال رہی ہیں۔ الزام ہے کہ گاؤں کے زمین مافیا کی نظریں مذکورہ زمین پر جمی ہوئی ہیں اور وہ اس پر قبضہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں جس کی وجہ سے وہ آئے دن ان کے ساتھ بدتمیزی کرتا رہتا ہے۔ خواتین نے ایس ڈی ایم سے درخواست کی کہ مذکورہ زمین کی باؤنڈری کرائی جائے تاکہ انہیں کچرا ڈالنے میں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ایس ڈی ایم کو بتایا کہ اس سے پہلے بھی پٹواری اور پولیس کی موجودگی میں دیوار کی تعمیر کے حوالے سے معاہدہ ہوا تھا، جس کے لیے خواتین کے انگوٹھوں کے نشانات بھی لیے گئے تھے، لیکن ابھی تک اس پر عمل نہیں کیا جاسکا۔ ایس ڈی ایم نے خواتین کو جلد قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ اس دوران مملا، سونیا، سنیتا، بینا، منجو، ریکھا دیوی، سروج، برملا، ساوتری، سنگیتا اور نوری سمیت بڑی تعداد میں خواتین موجود رہیں۔

# سی سی یو کی اکیڈمک کونسل کی میٹنگ منعقد

**میرٹھ (ایس این بی)** چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی، میرٹھ کی اکیڈمک کونسل کی میٹنگ بدھ کو وائس چانسلر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ وائس چانسلر آفس کے گراؤنڈ فلور پر واقع سمینار ہال میں منعقدہ اجلاس میں درج ذیل فیصلے کیے گئے۔ اکیڈمک کونسل نے یونیورسٹی کیمپس میں واقع مختلف شعبہ جات میں چلنے والے کورسز کے BOS کی منظوری دی۔ ریٹائرڈ پروفیسر ایچ ایس سنگھ اور شعبہ حیاتیات کے پروفیسر اے کے چوبے کو ایمریٹس پروفیسرز کے طور پر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر رجسٹرار دھیریندر کمار، اسسٹنٹ رجسٹرار ستیہ پرکاش، پروفیسر بیر پال سنگھ، پروفیسر بھوپیندر سنگھ، پروفیسر نوین چندر لوہانی، پروفیسر ہرے کرشنا، پروفیسر دنیش کمار، پروفیسر جتیندر ڈھاکہ، پروفیسر بندو شرما، پروفیسر ڈاکٹر ظریف نے شرکت کی۔ وکاس شرما، پروفیسر رویندر شرما، پروفیسر راکیش شرما، پروفیسر کے کے شرما، پروفیسر آرادھنا، پروفیسر شیوراج سنگھ، پروفیسر الپنا اگروال، ڈاکٹر موجپال سنگھ، ڈاکٹر نویدیتا ملک، پریس ترجمان متیندر کمار گپتا اور ڈاکٹر ارون کمار وغیرہ موجود تھے۔

# آم توڑنے کے الزام میں نوعمر لڑکے کو یرغمال بناکر پیٹا

**افضل گڑھ (ایس این بی)**

باغ سے آم توڑنے کے الزام میں ایک نوعمر لڑکے کو یرغمال بناکر بے رحمی کے ساتھ پیٹنے کا معاملہ سامنے آیا ہے، جس کا ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی کے ساتھ وائرل ہورہا ہے۔ پولیس نے اہل خانہ کی تحریر پر تین نوجوانوں کے خلاف مقدمہ قائم کرتے ہوئے جیل روانہ کردیا۔ تھانہ سیوہارہ کے گاؤں منصور سرائے ساکن ایک خاتون نے تھانہ میں تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ اسکا بارہ سالہ بیٹا آذان نزدیکی ایک باغ سے مٹی لینے گیا تھا جہاں پر باغ مالکوں نے بچہ پر آم توڑنے کا الزام عائد کرتے ہوئے بچے کے ہاتھ رسی سے باندھ کر بے رحمی کے ساتھ پٹائی کرتے ہوئے جلوس نکالا اور ویڈیو بناکر سوشل میڈیا پر وائرل کردیا ساتھ ہی دو ہزار روپے کے عوض بچہ کو رہا کیا پولیس نے معاملہ کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے ملزمان ساجد ولد بابو، صادق ولد یامین ساکن صفی آباد، اور فہیم ولد کبیر احمد ساکن محلّہ چودھریان سیوہارہ کو حراست میں لیکر جیل بھیج دیا ہے۔

# 37ویں برسی پر آنجہانی سابق وزیر اعظم چودھری چرن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش

**سہارنپور (ایس این بی)**

آج یہاں لوکدل کے دفتر پر آنجہانی وزیر اعظم اور کسانوں کے مسیحا چودھری چرن سنگھ کی 37ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، ان کی آتما کی شانتی کیلئے ہون کرایا گیا۔ دریں اثناء چودھری چرن سنگھ چوک باجوریہ روڈ پر چودھری چرن سنگھ کے مجسمہ کی گل پوشی کی گئی اور ان کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ لوکدل کے ضلع دفتر پر منعقدہ پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ضلع صدر راؤ قیصر اور قومی جنرل سکریٹری چودھری دھیر سنگھ نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ کے کارناموں اور خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ چودھری صاحب آج بھی کسانوں کے دلوں میں بستے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چودھری صاحب اپنے پیچھے نہ کوٹھی، نہ بنگلہ، نہ کار اور نہ زمین چھوڑ کر گئے سوائے اپنے کارناموں اور خدمات کے۔ انہوں نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ سادگی ایمانداری، نیکی اور شرافت کا مجسمہ تھے۔ انہوں نے اپنی زندگی میں یوپی کے وزیر اعلیٰ اور وزیر اعظم رہتے ہوئے جتنے بھی فیصلے لئے وہ کسانوں کے مفادات کو سامنے رکھ کر لئے، زمینداری کے خاتمہ، پٹواری راج کا خاتمہ، نابارڈ کا قیام، دیہی وزرات کا قیام، چکبندی قانون جیسے کتنے کارنامے ایسے انجام دیئے جو کسانوں کے مفادات میں تھے جن کا فیض آج بھی کسانوں کو پہنچ رہا ہے۔ میٹنگ شہر صدر بھوشن چوہان، رمیش چوہان، بھورا ملک، پنکج چودھری آکاش چودھری، وریندر تومر مہاویر سینی، فخرالاسلام، گجیندر چودھری، ستپال کالڑا، اجیت پنڈیر موپرویش کشیپ، راجکمار بھگت جی، ہت سینی، یشویر چودھری، گجیندر چودھری، وشال کامبوج اور سنجے کامبوج وغیرہ نے شرکت کی۔ **میرٹھ** :سابق وزیر اعظم چودھری چرن سنگھ کی برسی کے موقع پر میرٹھ کی چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سنگیتا شکلا نے بدھ کی صبح سابق وزیر اعظم چودھری چرن سنگھ کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔ پروفیسر سنگیتا شکلا نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ ایک عظیم رہنما تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی ایمانداری کے ساتھ گزاری۔ اس موقع پر ریسرچ ڈائریکٹر اور چیف پراکٹر پروفیسر بیر پال سنگھ، پروفیسر دنیش کمار، پروفیسر انل ملک، ڈاکٹر راہل کمار، انجینئر منیش مشرا، پریس ترجمان متیندر کمار گپتا اور انجینئر منوج کمار وغیرہ موجود تھے۔

# ریٹائرڈ ٹیچر کی ڈی ایم نے 2 گھنٹہ میں پریشانی دور کرائی

## تمام سرکاری محکموں کو اپنی ذمہ داری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرنا چاہیے: ڈاکٹر دنیش چندرا

**سہارنپور (ایس این بی)**

آج یہاں ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندرا نے گزشتہ 15 ماہ سے پریشان ریٹائرڈ ٹیچر کی پریشانی محض 2 گھنٹہ میں دور کرادی۔ ٹیچر کو پریشان کئے جانے کی شکایت ریٹائرڈ ٹیچر کی لڑکی نے ڈی ایم سے کی تھی۔ پورا معاملہ کچھ اس طرح بتایا گیا ہے کہ گزشتہ سال 2023 کو مارچ کے ماہ میں ایک ٹیچر انیتا اسسٹنٹ ٹیچر کی ملازمت سے سبکدوش ہوئی تھیں ان کی گریجوٹی کی رقم ابھی تک ان کو نہیں مل پائی تھی جو 7 لاکھ سے زائد تھی۔ ٹیچر کی بیٹی نے اس کی شکایت ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندر سے کی۔ اس شکایت کے ازالہ کیلئے ڈی ایم نے ایڈیشنل ڈائریکٹر ٹریزری وپینشن سے فون پر بات کی اور 2 گھنٹہ کے اندر اس مسئلہ کو حل کئے جانے کی سخت تاکید کی اور معینہ مدت میں یہ کام ہوگیا اور جو کام 15 ماہ سے نہیں ہورہا تھا وہ ڈی ایم کی مداخلت سے محض 2 گھنٹہ میں ہوگیا، جس پر سبکدوش ٹیچر نے ڈی ایم کے کام کی ستائش کی اور ان کو دعائیں دیں اور تحریری طور پر بھی ڈی ایم کا اس کیلئے شکریہ ادا کیا اور شکریہ کا مکتوب ڈی ایم کو ان کے دفتر میں سونپا۔ ڈاکٹر دنیش چندر نے کہا کہ جو کام جتنی مدت میں کیا جانا ہے اس میں تاخیر کا کوئی مطلب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری محکموں کو اپنی ذمہ داری اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور حاجت مندوں کی حاجت پوری کرنی چاہیے۔

# بجلی بل ادا نہ کرنے والوں کے کنکشن کاٹے گئے

**شاملی (ایس این بی)** ضلع کی تحصیل اون علاقہ میں بقایا بجلی بلوں کی وصولی کے لیے پنچایت اور اون فیڈر کے تحت آنے والے دیہاتوں میں کنکشن کاٹنے اور وصولی کی مہم چلائی گئی۔ بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر تقریباً 100 افراد کے کنکشن کاٹ دیے گئے ہیں۔ واضح ہو کہ حکومت کی ہدایات پر محکمہ بجلی کی ٹیم بقایا بلوں کی وصولی کے لیے مسلسل مہم چلا رہی ہے۔ اس سلسلہ میں بجلی کے ایس ڈی او انل سنگھ اور اون جونیئر انجینئر سندیپ کمار کی قیادت میں تشکیل دی گئی ٹیم نے تقریباً 100 کنکشن کاٹے اور صارفین سے دو لاکھ روپے کی بقایا رقم وصول کی گئی۔ جے ای سندیپ کمار نے بتایا کہ بجلی چوری کا پتہ لگانے اور بل کی بقایا رقم کی وصولی کے لیے مہم جاری رہے گی اس دوران برجیش کمار اور پروین کمار وغیرہ موجود رہے۔

**میرٹھ:** کٹھور میں مسلسل چلچلاتی گرمی سے نجات دلانے کے لیے محکمہ بجلی اب بڑے نادہندگان سے وصولی میں مصروف ہے۔ بدھ کے روز محکمہ بجلی کی ٹیم نے قصبہ کٹھور کے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر ان سے بجلی کے بل جمع کرانے کو کہا۔ اس دوران کئی جگہوں پر چیکنگ مہم بھی چلائی گئی اور جئے دھننجے کمار نے بڑے نادہندگان کے خلاف مہم چلائی اور کچھ لوگوں کو اپنے بل جمع کروانے کے لیے کہا۔ ایس ڈی او جئے نے کہا کہ اگر واجبات جلد جمع نہ کرائے گئے تو ایسے لوگوں کی نشاندہی کر کے ان کے بجلی کے کنکشن منقطع کردیے جائیں گے۔ یہ مہم آئندہ بھی جاری رہے گی آج بھی اس چیکنگ مہم میں ایس ڈی او کے علاوہ لائن مین اور پولیس انتظامیہ بھی موجود تھا۔

# امتیازی نمبرات سے کامیاب طلبا وطالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے اعزازی پروگرام منعقد

**دیوبند (ایس این بی)**

دون ویلی پبلک اسکول میں درجہ 10 اور درجہ 12 میں ٹاپرز اور امتیازی نمبرات سے کامیابی حاصل کرنے والے طلبا وطالبات کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک اعزازی پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کے دوران درجہ 10 میں تحصیل سطح پر ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم ہرش کو ودیا رتن ایوارڈ دیا گیا۔ بدھ کے روز دون ویلی پبلک اسکول میں ایک شاندار اعزازی پروگرام منعقد کر کے ٹاپ پوزیشن اور امتیازی نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر اسکول کے طلبہ وطالبات نے نہایت دلکش ثقافتی پروگرام پیش کر کے پروگرام میں موجود والدین وسرپرستوں کو دادِ تحسین دینے پر مجبور کردیا۔ بعد ازاں جب اسکول انتظامیہ کی جانب سے ٹاپرز اور امتیازی نمبرات سے کامیابی حاصل کرنے والے درجہ 10 اور درجہ 12 کے طلبہ وطالبات کو بطور حوصلہ افزائی انعامات دیے گئے تو ان کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے، اس کے علاوہ 96 فیصد سے 90 فیصد نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے لئے اسکالرشپ کا اعلان کیا گیا اور درجہ 10 کے طالب علم انکرش بنسل کو اسکول انتظامیہ کی جانب سے اعزازات دیئے گئے۔ اسی طرح درجہ 12 میں اسکول ٹاپ کرنے والی انشکا گوسوامی اور شیوی کو بھی اعزازات دیئے گئے۔ معروف سماجی شخصیت عارف انصاری کی دونوں بیٹیوں سارہ عارف درجہ 12 اور مریم عارف طالبہ درجہ 10 کو بھی ہرش ودیا رتن ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ انہیں اس اعزاز کے ملنے پر شہر کی معروف شخصیات ڈاکٹر نواز دیوبندی، معاویہ علی، ندیم عالم، ڈاکٹر انور سعید، ڈاکٹر نیتر پال سنگھ، ڈاکٹر نفیس، فیروز، کلیم معاذ اور خوش نصیب خان وغیرہ نے مبارک باد دی۔ اس موقع پر ادارہ کی پرنسپل سیما شرما کو بھی ان کی شاندار تعلیمی خدمات کے صلہ میں ”بکن آف لائف لائٹ“ ایوارڈ دیا گیا۔ اس اعزازی پروگرام سے اسکول کے چیئرمین راج کشور گپتا اور پرنسپل سیما شرما نے بھی خطاب کیا اور اعزاز پانے والے طلبہ وطالبات نیز ان کے والدین کو مبارک باد دی۔ اس پروگرام میں اسکول کی منیجر سمن سنگھل، ڈائریکٹر ڈاکٹر انوراگ سنگھل، کوالٹی ہیڈ ارچنا شرما اور برانچ ہیڈ منوج کپل کے علاوہ اسٹاف اور بڑی تعداد میں طلبہ وطالبات موجود رہے۔

# این اے ایس انٹر کالج میں تربیتی کیمپ کا انعقاد

**میرٹھ (ایس این بی)** این اے ایس انٹر کالج میں جاری سالانہ تربیتی کیمپ 256 میں آج 29 مئی 2024 کو آٹھویں دن فائرنگ، ٹینٹ پچنگ، رکاوٹ کی تربیت، صحت وصفائی، لائن ایریا فیلڈ کرافٹ اور بیٹل کرافٹ کی مسلسل تربیت دی جارہی ہے۔ اس دوران کیمپ کمانڈنٹ ابھیشیک پنوار، ڈپٹی کیمپ کمانڈنٹ آدتیہ چودھری، چیف آفیسر سنجیو کمار، تھرڈ آفیسر دھرمیندر پرتاپ سنگھ، صوبیدار میجر بھیم سنگھ، صوبیدار سبودھ کمار، صوبیدار کشور کمار، صوبیدار پرویش کمار اور کیمپ سی ایچ ایم گیانو ر سنگھ موجود تھے۔ این اے ایس ودیالیہ کی پرنسپل آبھا شرما، منیجر امت کمار شرما اور دیگر ملازمین کیمپ کو چلانے میں بھرپور تعاون کررہے ہیں۔

# ڈاکٹر کیرتی گری جی گوسوامی کیساتھ دھوکہ دہی

**مظفر نگر (جنید قاسمی/ ایس این بی)** مظفرنگر میڈیکل کالج کے چیف میڈیکل آفیسر سے 36.88 لاکھ روپے کی دھوکہ دہی ہوئی ہے۔ اطلاع کے مطابق یکم مارچ کو ایک سائبر ٹھگ نے ای ڈی کا اہلکار ہونے کا بہانہ کرتے ہوئے فون کیا۔ 2 مارچ کو لکھنؤ کے عالم باغ پولیس اسٹیشن سے سنیل مشرا کا بہانہ کر کے کال آئی۔ تیسری کال لکھنؤ کے ڈی سی پی ایس وی سروڈکر کا بہانہ کر کے کی گئی تھی۔ اسے بتایا گیا کہ اس کے لکھنؤ بینک اکاؤنٹ سے غیر مجاز لین دین ہوا ہے۔ اسے واٹس ایپ پر ای ڈی کے دستخط والے وارنٹ بھی بھیجے گئے تھے۔ سائبر ٹھگوں نے اپنے اکاؤنٹ میں چند روپے کی لین دین کرنے کو کہا۔ خوف کے مارے چیف میڈیکل آفیسر نے یکم مارچ سے 22 مارچ تک سائبر ٹھگوں کے نام 3 کھاتوں میں 36.88 لاکھ روپے جمع کرائے۔ متاثر کی شکایت پر منصور پور پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

# گاڑی کی زد میں آکر بارہ سنگھا ہرن کی موقع پر موت

**شاملی (ایس این بی)** دہلی سہارنپور قومی شاہراہ کھندروالی چوکی کے متصل نامعلوم کار کی زد میں آکر ایک بارہ سنگھا ہرن کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ متعلقہ محکمہ کی ٹیم نے مردہ ہرن کو پوسٹ مارٹم کے بعد زمین میں دبا دیا۔ قابل ذکر ہے کہ ضلع کے کاندھلہ علاقہ میں پچھلے ایک سال سے نایاب جنگلی جانور دیکھے جارہے ہیں۔ تیندوے کے بعد علاقہ میں ہرن گھومتے نظر آرہے ہیں۔ کئی دنوں سے مسلسل چلچلاتی گرمی کے باعث نہ صرف انسان بلکہ جانور اور پرندے بھی پریشانی کا شکار ہیں۔ جانور اور پرندے بھی جنگل سے راحت کی تلاش میں ادھر ادھر بھٹک رہے ہیں۔ پیر کی دوپہر، اس علاقہ میں دہلی سہارنپور قومی شاہراہ پر کھندروالی چوکی کے قریب شدید گرمی سے بچنے کے لیے ایک جنگلی ہرن ہائی وے پر آیا۔ شاہراہ عبور کرنے والے ہرن کو دہلی سے جانے والی نامعلوم گاڑی نے زوردار ٹکر ماردی۔ نامعلوم گاڑی کی زد میں آکر ہرن شدید زخمی ہوگیا، درجنوں راہ گیر بھی موقع پر جمع ہوگئے۔ راہ گیروں نے پولیس اور محکمہ جنگلات کو معاملے کی اطلاع دی، اطلاع ملتے ہی کھندراولی چوکی کے انچارج مکیش ڈنکر اور محکمہ جنگلات کی ٹیم وہاں پہنچی، لیکن علاج سے پہلے ہی ہرن کی موت ہوگئی۔ محکمہ جنگلات کی ٹیم ہرن کی لاش اپنے ساتھ لے گئی۔ انہوں نے بتایا کہ مرنے والے ہرن کو پوسٹ مارٹم کے بعد زمین میں دبا دیا گیا۔

# آنکھوں کے مفت معائنہ اور میڈیکل کیمپ کا انعقاد

**میرٹھ (ایس این بی)**

کٹھور میں آج بدھ کے روز میرٹھ کے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر اکھلیش موہن کی ہدایت پر 50 بستروں والے جوائنٹ اسپتال کٹھور میں آنکھوں کے مفت ٹیسٹ اور میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں 321 مستفیدین کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا، جن میں سے 7 مستحقین کی شناخت موتیا کے آپریشن کے لیے کی گئی، جن کی سرجری کل پی ایل شرما ڈسٹرکٹ اسپتال میں کی جائے گی۔ کیمپ میں مفت عینکیں بھی تقسیم کی گئیں۔ گزشتہ سالوں کی طرح شاہ عالم بی سی پی ایم نے اپنی ٹیم کے ساتھ اپنی والدہ خوشنودی کی یاد میں خصوصی تعاون کیا۔ میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر منیشا بنسل ماہر امراض چشم، ڈاکٹر وکاس چودھری امراض چشم، وجے کمار آئی ایگزامیننگ آفیسر، ڈاکٹر سنیل کمار، بجیندر پردھان، ونے کمار، چندریش کمار کی ٹیم کی طرف سے آنکھوں کی جانچ کی سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر کمیونٹی ہیلتھ سینٹر پریکشت گڑھ کے ڈاکٹر روی شنکر، اقرار اور کمیونٹی ہیلتھ سینٹر ماچھرا کے ڈاکٹر ترون راجپوت اور راجن بھیونیا موجود تھے اور معاونت فراہم کی۔ ڈاکٹر وشواس چودھری چیف میڈیکل سپرنٹنڈنٹ 50 بستروں پر مشتمل جوائنٹ اسپتال کٹھور نے آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

## ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کرکے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔